# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 05 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۵/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **نیتی آیوگ کی جامع مہم کا آغاز ‘ ریاست کے 15 /اضلاع کے 27 /تعلقوں کا بھی شمار**
- ☆ **قانون ساز کونسل میں حزب مخالف کے رہنما امبا داس دانوے کی معطلی میں تخفیف**
- ☆ **گوالوں کو ضمانتی قیمت دینے سے متعلق حکومت کا اِرادہ مثبت ہے ‘ امداد باہمی کے مرکزی وزیر امِت شاہ**

**اور**

- ☆ **T-20 /کرکٹ عالمی کپ جیتنے والی بھارتیہ ٹیم کا ممبئی میں شاندار استقبال ‘ پیرس اولمپک کے لیے روانہ ہوئے کھلاڑیوں سے وزیر اعظم نے کیا نیک خواہشات کا اظہار**

**اب خبریں تفصیل سے...**

نیتی آیوگ کی جامع مہم کا کل سے آغاز ہوا۔ یہ مہم آئندہ 30 /ستمبر تک ملک بھر کے 500 /تعلقوں میں چلائی جائے گی۔ اِس کے تحت حاملہ خواتین کی طبی جانچ ‘ بلند فشارِ خون اور ذیابطیس کی جانچ ‘ سوائل ہیلتھ کارڈ اور اپنی مدد آپ گروپوں کو ورکنگ کیپیٹل دیا جائے گا۔ یہ مہم مراٹھواڑے کے ناندیڑ ‘جالنہ ‘ ہنگولی ‘ دھاراشیو اور بیڑ سمیت ریاست کے دیگر 15 /اضلاع کے 27 /تعلقوں میں بھی چلائی جائے گی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں بھی کل سے جامع مہم کا آغاز ہوا۔ اِس موقعے پر ضلع کلکٹر جتندر پاپڑ کرنے خواہش مند تعلقوں میں کیے جانے والے کاموں کی فہرست پڑھ کر سنائی۔ ساتھ ہی انھوں نے بتایا کہ تمام شرائط وقت سے پہلے ہی پورے کر لیے جائیں گے۔ اِس کے لیے انھوں نے ہنگولی تعلقے کی سبھی گرام پنچایتوں میں میٹنگس لینے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے پرنڈا میں بھی کل سے نیتی آیوگ کی جامع مہم کا آغاز ہوا۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے نے اِس مہم کا آغاز کیا۔ اِس موقعے پر پرنڈا تعلقے کے کاشتکاروں کو بطور نمائندہ صحت مند زمین کے پرچے تقسیم کیے گئے۔ اِسی طرح آیوشمان بھارت کے تحت آبھا کارڈ کی تقسیم اور خواتین بچت گروپوں میں Revolving funds کی تقسیم کی گئی۔ ساتھ ہی اِس جامع مہم کے خصوص میں نیتی آیوگ کے انڈیکس سے متعلق عوامی بیداری کے مقصد سے ریلی بھی نکالی گئی تھی۔

***** ***** *****

ریاست میں اِس مرتبہ موسم خریف کے لیے ریکارڈ 71 / فیصد تخم ریزی کی گئی ہے۔ وزیر زراعت دھننجئے منڈے نے کل اسمبلی کو بتایا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں اِس سال تخم ریزی کے رقبے میں ایک لاکھ 10 / ہزار ہیکٹر کا اضافہ ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ پوری ریاست میں کہیں بھی کھاد یا بیج کی قلت نہیں ہے۔ جناب دھننجئے منڈے نے بتایا کہ کسانوں کو منصوبہ بندی سے بھی زیادہ کھاد اور بیج دستیاب کروائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کہا ہے کہ ریاست کے وہ تمام دیہات جہاں پانی کی قلت ہیں وہاں اچھی بارش ہونے تک ٹینکروں کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے گا۔ وہ کل اسمبلی میں بول رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اِس کے لیے چیف سیکریٹری اور تمام ضلع کلکٹرس کو ہدایات دی جائیں گی۔ وہ رکن اسمبلی راجیش ٹوپے اور جینت پاٹل کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ریاست کے کسی بھی گاؤں میں کوئی بھی پانی سے محروم نہیں رہے اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے گا۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلع اربن آدرش کوآپریٹو سوسائٹی اور آدرش اربن ویمینس کوآپریٹو بینکوں کے سرمایہ کاروں کو اُن کی جمع رقم لوٹانے کے لیے ریاستی حکومت کوششیں کر رہی ہیں ۔ امداد باہمی کے وزیر دلیپ وڑ سے پاٹل نے کل اسمبلی میں یہ بات بتائی ۔ ہری بھاؤ باگڑے نے اِس جانب توجہ دلائی تھی ۔ جناب وڑ سے پاٹل نے ایوان کو بتایا کہ غبن کرنے والے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی قرق شدہ املاک کی نیلامی کر کے ڈیپازیٹرس کو اُن کی رقم لوٹانے کے لیے کارروائی کرنے کی ہدایت ضلع کلکٹر کو دیدی گئی ہیں ۔

***** ***** *****

ایوان میں نامناسب الفاظ کا استعمال کرنے کی پاداش میں قانون ساز کونسل میں حزب مخالف کے رہنما امباداس داونے کو 5/دن کے لیے معطل کیا گیا تھا۔ جس کے بعد اُن کی معطلی کی مدت میں تخفیف کر کے اُسے 3/دن کرنے کی تجویز کل ایوان میں پیش کی گئی جسے اتفاقِ رائے سے منظور کر لیا گیا۔

اِسی دوران قانون ساز کونسل میں کل سبک دوش اراکین کو وداعیہ دیا گیا۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ اِن اراکین نے ایوان کی عظمت میں اضافہ کرنے کے لیے کام کیا ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ریاستی پولس فورس میں 81/عہدوں پر باقاعدہ بھرتی کے عمل کی منظوری دیدی گئی ہے ۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل قانون ساز کونسل میں یہ بات بتائی ۔ وہ رکن اسمبلی رمیش پاٹل کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔ جناب پھڑنویس نے بتایا کہ انڈین کوسٹ گارڈ اور بحریہ جیسی مشنری سے سبک دوش ہونے والوں کو کانٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا ۔

***** ***** *****

ممبئ عدالتِ عظمی کی نا گپور بینچ نے نا گپور ضلع سینٹرل کو آپریٹو بینک غبن معاملے میں سابق وزیر سُنیل کیدار کو قصور وار قرار دینے والے فیصلے کو منسوخ کرنے پر مبنی عرضداشت مسترد کر دی ہے۔خیال رہے کہ اِس بینک میں 150 رکروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے سرکاری بانڈ خریدی گھوٹالہ معاملے میں سنیل کیدار کو ایڈیشنل چیف جسٹس نے 5 رسال کی قید بامشقت اور ساڑھے بارہ لاکھ روپئے جرمانے کی سزا سنائی تھی۔ عدالتِ عالیہ نے اِس سزا کو معطل کرتے ہوئے سُنیل کیدار کو ضمانت دی ہے۔

***** ***** *****

گنا کاشتکاروں کی طرح ہی گوالوں کو بھی ضمانتی قیمت دینے سے متعلق مرکزی حکومت مثبت غور وخوص کرے گی۔مرکزی وزیر برائے امداد باہمی امِت شاہ نے یہ تیقن دیا ہے۔ڈیری ڈیولپمنٹ کے ریاستی وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے کل دِلّی میں جناب اِمت شاہ سے ملاقات کر کے مہاراشٹر میں گوالوں کے مسائل کی جانب اُن کی توجہ مبذول کروائی۔اِس موقعے پر جناب اِمت شاہ نے عظیم اتحاد کی حکومت کی جانب سے گوالوں کے مفاد میں کیے گئے فیصلوں کی تفصیلات جناب رادھا کرشن وِکھے پاٹل کو بتائی۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں کل انا صاحیب پاٹل معاشی پسماندہ ترقیاتی کارپوریشن کی جائزہ میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔یہ میٹنگ مذکورہ کارپوریشن کے چیئر مین نریندر پاٹل کی صدارت میں منعقد کی گئی تھی۔اِس موقعے پر انھوں نے تمام بینکوں سے کہا کہ وہ انا صاحیب پاٹل کارپوریشن کے قرض کے معاملات جلد از جلد منظور کریں۔انھوں نے بتایا کہ مذکورہ کارپوریشن کے تحت بینکوں نے ضلعے میں 4رہزار 153ر مستحقین کے قرض منظور کیے ہیں۔ جس میں 318رکروڑ روپئے کی رقم تقسیم کی گئی ہے۔

***** ***** *****

T-20رکرکٹ ورلڈ چیمپئن بنی بھارتیہ ٹیم کا کل ممبئ کے وان کھیڈے اسٹیڈیم میں شاندار استقبال کیا گیا۔ممبئ پہنچنے کے بعد بھارتیہ ٹیم خصوصی بس کے ذریعے وان کھیڈے اسٹیڈیم پہنچی تھی۔ اِس موقعے پر فاتح کرکٹ ٹیم کا استقبال کرنے کے لیے کرکٹ کے شیدائی کثیر تعداد میں جمع تھے۔ اِس سے قبل بار باڈوس سے دِلّی پہنچی فاتح بھارتیہ کرکٹ ٹیم نے کل دِلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی کے گھر جا کر اُن سے ملاقات کی۔ اِس موقعے پر وزیر اعظم نے تمام کھلاڑیوں کی خوب ستائش کی اور کہا کہ پورے ملک کو اپنے کھلاڑیوں پر فخر ہے۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کے لیے روانہ ہوئے بھارتیہ کھلاڑیوں سے وزیر اعظم نریندر مودی نے کل خطاب کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے توقع ظاہر کی کہ بھارتیہ کھلاڑی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے ملک کا نام روشن کریں گے۔ وزیر اعظم نے تمام کھلاڑیوں کو پیرس اولمپک کے لیے نیک خواہشات بھی پیش کی۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کے لانگ جمپ زمرے کے لیے ناسک ضلعے کے نی پھاڈ تعلقے کے سرویش کُشارے کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اِس کے لیے کل ہریانہ کے پنچ کُل میں ہوئی جانچ میں سرویش نے سوا دو میٹر لانگ جمپ کر کے پہلا مقام حاصل کیا۔ ساتھ ہی پیرس اولمپک کے لیے اپنی اہلیت بھی ثابت کردی۔ سرویش کُشارے بھارتیہ لشکر کا حصہ ہیں۔ مہاراشٹر سے پیرس اولمپک کے لانگ جمپ زمرے کے لیے چُنے جانے والے وہ پہلے کھلاڑی ہیں۔

***** ***** *****

وِمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ میں بھارت کے یوکی بھامبری اور اُن کے فرینچ جوڑی دار کھلاڑی نے قزاقستان کی جوڑی کو 6 - 4/ اور 6 - 4/ سے شکست دے کر دوسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔

اُدھر روہن بوپنا اور اُن کے آسٹریلیائی جوڑی دار میتھیو ایب ڈن نے بھی دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنا لی ہے۔ اُن کا اگلا مقابلہ جرمنی کی جوڑی سے ہوگا۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نیتی آیوگ کی جامع مہم کا آغاز ، ریاست کے 15 / اضلاع کے 27 / تعلقوں کا بھی شمار

☆ قانون ساز کونسل میں حزب مخالف کے رہنما امبا داس دانوے کی معطلی میں تخفیف

☆ گوالوں کو ضمانتی قیمت دینے سے متعلق حکومت کا اِرادہ مثبت ہے ، امداد باہمی کے مرکزی وزیر امِت شاہ

اور

☆ T-20 / کرکٹ عالمی کپ جیتنے والی بھارتیہ ٹیم کا ممبئی میں شاندار استقبال ، پیرس اولمپک کے لیے روانہ ہوئے کھلاڑیوں سے وزیر اعظم نے کیا نیک خواہشات کا اظہار

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆